राज्य शैक्षणिक संशोधन व
प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

پڑھنے کا معیار ۲

گُرّو اور پیچو کی چھٹی کا دن

Original Publisher: Pratham Books
Author: Meenu Thomas
Illustrator: Sayan Mukherjee
Translator: Khaja Moinoddin Shaikh

گُرّو اور پیچو کو کھیلنے میں بڑا مزہ آتا ہے۔ وہ دونوں گیند سے کھیلتے ہوئے ساتھ ساتھ دوڑ لگاتے ہیں۔

گُرّو اور پپچو کھیلنے کے لیے اپنے کمرے میں جاتے ہیں۔
''پپچو، گھر کے اندر نہیں۔ گُرّو پپچو کو باہر لے کر جاؤ۔'' غصّے سے تمتمائی ہوئی ماں نے کہا۔

گُرّو اور پیچو کھیلنے کے لیے گھر سے باہر چلے جاتے ہیں۔ ''ششش! گُرّو تم دونوں کتنا شور مچا رہے ہو۔ کچھ دیر کے لیے چُپ رہو۔''
منوہر چاچا آگ بگولا ہو جاتے ہیں۔

پھر گُرّو اور پیچو کھیلنے کے لیے پارک میں جاتے ہیں۔ ’’گُرّو! پارک میں پیچو کا آنا منع ہے۔ چلو چلو ... باہر نکلو.... جاؤ (شوو!)‘‘
اب چِڑچِڑے مدھو سودن دادا کی باری تھی۔

''یار پیچو اب ہم کہاں کھیلیں؟'' سمندر کی جانب ٹکٹکی باندھے اُداس ہوکر گُرّو بولا۔
''ارے ہاں! مجھے پتا ہے، ہم کہاں جا سکتے ہیں۔''

گُرّو اور پیچو کھیلنے کے لیے سمندر کے کنارے چلے جاتے ہیں۔ دونوں اپنی اپنی زبانیں منہ سے باہر نکال کر اپنے چہروں سے ٹکراتی تازہ سمندری ہوا کا لطف لیتے ہیں۔ اب کوئی نہیں کہتا، ''پیچو نہیں!'' اب کوئی یہ بھی نہیں کہتا ''گُرّو، پیچو کو کہیں اور لے جاؤ۔''

اپنی لال گیند اُچھالتے ہوئے گُرو کہتا ہے، ’’پیچو لے آؤ‘‘ گیند سمندر کی طرف لُڑھک جاتی ہے۔
پیچو اس کے پیچھے دوڑتی ہوئی سیدھے پانی میں چلی جاتی ہے۔

''پیچو نہیں! اس کے پیچھے مت جاؤ! واپس لوٹ آؤ''، گُرّو چیختا ہے۔

لیکن پیچو کا جھبرا سر تو پانی میں غائب ہونے لگا۔

گُرّو رونے لگتا ہے۔
پیچو کے ساتھ گزرا ہر لمحہ اس کی آنکھوں کے سامنے آنے لگتا ہے۔

''بھوں بھوں!'' پیچو بڑے فخر سے گیند لیے پانی سے باہر نکل آتی ہے۔

''پیچو! ، میں نہیں جانتا تھا کہ تم تیر بھی سکتی ہو۔'' گُرّو کہتا ہے۔ ''بھوں بھوں!'' پیچو جواب دیتی ہے، گویا وہ ہمیشہ سے تیرنا جانتی ہو۔

گُڑّو اور پیچو اب ہر روز سمندر کے کنارے جاتے ہیں۔ وہ دونوں وہاں گیند کے ساتھ کھیلتے ہیں۔ ادھر ادھر دوڑ لگاتے ہیں۔ وہ دونوں سمندر کی لہروں کے بیچ جاکر بھی کھیلتے ہیں اور ایک دوسرے پر پانی اُچھالتے ہیں۔

Acknowledgements

Story Attribution:

This story: گرو اور پیچو کی چھٹی کا دن is translated by Khaja Moinoddin Shaikh . The © for this translation lies with SCERT, Maharashtra, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Gurru and Peechu's Day Out', by Meenu Thomas . © Pratham Books , 2018. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: Young boy and dog looking at each other, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: A Boy playing fetch with his dog, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: A dog chasing the ball, Mother scolding her son, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Boy and dog playing on the street, Man asking them to keep quiet, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Boy and dog at the park, Man asking them to leave, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A boy and dog standing outside the park looking at the sea, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Boy and dog running and playing at the beach, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Boy playing fetch with his dog at the beach, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Boy running after his dog at the beach, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Boy crying thinking about his dog's memories, by Sayan Mukherjee © Pratham Books, 2017. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

گُرّو اور پیچو کی چھٹی کا دن

(Urdu)

گرو اور پیچو کو کھیلنے کے لیے کوئی مناسب جگہ نہیں ہے. ان سے ملیے کہ وہ شہر کی نئی نئی جگھوں پر گھوم پھر رہے ہیں.

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.